امام علی نقی علیہ السلام پر صلوات

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ وَصِيِّ الْاَوْصِياءِ وَإِمامِ الْاَتْقِياءِ وَخَلَفِ أَئِمَّةِ الدِّينِ وَالْحُجَّةِ

اے معبود علیؑ بن محمدؑ پر درود بھیج جو اوصیاء پیغمبرؐ کے وصی پرہیز گاروں کے پیشوا ائمہؑ دین کے قائمقام

عَلَى الْخَلائِقِ أَجْمَعِينَ اَللّٰهُمَّ كَما جَعَلْتَهُ نُوراً يَسْتَضِيءُ بِهِ الْمُؤْمِنُونَ فَبَشَّرَ بِالْجَزِيلِ مِنْ ثَوابِكَ

اور ساری مخلوقات پر تیری حجت ہیں اے معبود %0تو نے ان کو ایسا نور بنایا کہ جس سے مومنین روشنی حاصل کرتے ہیں پس انہوں نے تیرے

وَأَنْذَرَ بِالْاَلِيمِ مِنْ عِقابِكَ وَحَذَّرَ بَأْسَكَ وَذَكَّرَ بِآياتِكَ وَأَحَلَّ حَلالَكَ وَحَرَّمَ حَرامَكَ وَ

ثواب عظیم کی خوشخبری سنائی تیرے سخت ترین عذاب سے خوف دلایا تیرے غضب سے آگاہ کیا تیری آیتوں کے ذریعے نصیحت کی تیرے حلال کو حلال

بَيَّنَ شَرايِعَكَ وَفَرائِضَكَ وَحَضَّ عَلَى عِبادَتِكَ وَأَمَرَ بِطاعَتِكَ وَنَهىٰ عَنْ مَعْصِيَتِكَ فَصَلِّ

کہا تیرے حرام کو حرام بتایا تیرے قوانین اور احکام کو کھول کر بیان کیا تیری عبادت کا شوق دلایا تیری فرمانبرداری کا حکم دیا اور تیری نافرمانی سے منع کیا پس

عَلَيْهِ أَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلَى أَحَدٍ مِنْ أَوْلِيائِكَ وَذُرِّيَّةِ أَنْبِيائِكَ يَا إِلٰهَ الْعالَمِينَ.

ان پر رحمت کر وہ بہترین رحمت جو تو نے اپنے اولیاء اور اپنے نبیوں کی اولاد میں سے کسی پر کی ہے اے جہانوں کے معبود۔

اس صلوات کا راوی ابو محمد یمنی بیان کرتا ہے کہ جب امام حسن عسکری علیہ السلام اپنے آباء طاہرین میں سے ہر ایک کیلئے صلوات تعلیم فرما چکے اور نوبت اپنی ذات تک پہنچی تو آپ خاموش ہو گئے میں نے عرض کی اے فرزند رسولؐ باقی کے لیے بھی صلوات لکھوائیں۔ آپ نے فرمایا یہ صلوات دین کے نشانوں میں سے نہ ہوتی اور خدائے تعالیٰ نے اس کا حکم نہ دیا ہوتا کہ ہم یہ چیزیں لائق و موزوں افراد تک پہنچائیں تو میں خاموشی کو بہتر سمجھتا خود اپنے لیے صلوات کا ذکر نہ کرتا لیکن یہ دین کا معاملہ ہے لہٰذا آگے یہ لکھو۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com